
گیلپ & گیلانی پاکستان رائے عامہ سروے 9 ستمبر 2025

# ہر 3 میں سے 1 (35% ) پاکستانی حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا ذمہ دار حکومت یاضلعی انتظامیہ کو ٹھہراتے ہیں

دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالےسے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی(37% )، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد خود عوام کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں(26% ) ۔




آپ کے خیال میں حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا سب سے بڑا ذمہ دار کون ہے ؟



*Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## متفرق/دیگر مسائل

قدرتی آفات/سیلاب

**ہر 3 میں سے 1 (35%) پاکستانی حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا ذمہ دار حکومت یا ضلعی انتظامیہ کو ٹھہراتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی (37%)، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد خود عوام کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں (26%)۔**

**(گیلپ & گیلانی سروے)**


(اسلام آباد، 09 ستمبر 2025)

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، ہر 3 میں سے 1 (35%) پاکستانی حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا ذمہ دار حکومت یا ضلعی انتظامیہ کو ٹھہراتے ہیں۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد میں اس حوالے سے زیادہ شرح دیکھنے میں آئی (37%)، جبکہ شہری علاقوں میں رہنے والے افراد خود عوام کو اس کا ذمہ دار قرار دیتے ہیں (26%)۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"آپ کے خیال میں حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا سب سے بڑا ذمہ دار کون ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 35% جواب دہندگان نے حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا سب سے بڑا ذمہ دار "حکومت یا ضلعی انتظامیہ" کو ٹھہرایا۔ اس کے علاوہ، 20% جواب دہندگان نے اس کا ذمہ دار خود "عوام" کو ٹھہرایا، 15% جواب دہندگان نے اس کا ذمہ دار "محکمہ موسمیات" کو اور 10% جواب دہندگان نے "بلدیاتی ادارے (مثلاً میونسپل کارپوریشن)" کو اس کا ذمہ دار قرار دیا، جبکہ 17% جواب دہندگان کے مطابق انہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے، تاہم 3% جواب دہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

قومی سطح پر، زیادہ تر پاکستانی حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا ذمہ دار حکومت کو ٹھہراتے ہیں۔ شہری اور دیہی علاقوں میں مختلف رائے اس بات کو اجاگر کرتی ہے کہ دیہی علاقوں میں سرکاری اداروں کو اپنی موجودگی اور بروقت ردعمل میں بہتری لانے، جبکہ شہری علاقوں میں عوامی آگاہی کے حوالے سے مہمات کو فروغ دینے کی ضرورت ہے۔


**"آپ کے خیال میں حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا سب سے بڑا ذمہ دار کون ہے؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 323 خواتین اور مرد حضرات سے 20 اگست تا 21 اگست 2025 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی – شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری اور دیہی علاقوں کا موازنہ کیا جائے تو دونوں جوابدہندگان کی رائے میں واضح فرق دیکھنے میں آیا ہے۔ دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی زیادہ شرح حالیہ بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ کے باعث ہونے والے جانی نقصان کا ذمہ دار حکومت یا ضلعی انتظامیہ کو ٹھہراتی ہے (37%)، جبکہ شہری علاقوں میں یہ تناسب نسبتاً کم ہے (33%)۔ اس کے برعکس، شہری علاقوں سے تعلق رکھنے والے جوابدہندگان میں خود عوام کو اس کا ذمہ دار ٹھہرانے کی شرح نمایاں طور پر زیادہ پائی گئی (شہری علاقوں میں 26% جبکہ دیہی علاقوں میں 17%)۔ یہ اعداد و شمار اس بات کو ظاہر کرتے ہیں کہ دیہی علاقے قدرتی آفات کے وقت زیادہ تر حکومتی اداروں کی مدد کی توقع رکھتے ہیں، جبکہ شہری آبادی اجتماعی طور پر عوامی ذمہ داری یا تیاری پر زیادہ زور دیتی ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 09 September 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:** Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as **Gallup Pakistan** (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by **Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook:https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll 2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)